Sig. of Supdt............[signature]......

ET-IX-1501

اردو (نہم)

Fresh / Reappear

Roll No. ............................................

Fic. No. ............................................

---

Fic. No. ............................................

کل وقت: 3 گھنٹے — **اردو (نہم)** — نمبر: 75

Fresh / Reappear

نوٹ: اس پرچے کے تین حصے ہیں۔ حصہ اول، دوم اور سوم۔ حصہ اول کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کریں۔

وقت: 20 منٹ — **حصہ اول (معروضی)** — نمبر: 15

نوٹ: اس حصے کیلئے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹے گئے یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال 1 مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جواب کا انتخاب (الف، ب، ج، د) کی صورت میں کریں اور اپنا انتخاب سامنے دیئے ہوئے خالی خانے میں لکھیں۔

(i) حضرت عمرؓ نے سائل سے فرمایا "تو سائل نہیں ہے ............... ہے"۔ (جواب: ج)
الف) مسلمان  ب) کافر  ج) تاجر  د) مرتد

(ii) جملہ اسمیہ کے ............... بنیادی اجزا ہوتے ہیں۔ (جواب: ب)
الف) 2  ب) 3  ج) 4  د) 5

(iii) ان نااتفاقیوں نے ہماری قوم کو نہایت ............... اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔ (جواب: ج)
الف) کمزور  ب) کھوکھلا  ج) ضعیف  د) بے جان

(iv) سبق "نصوح کا خواب" کے مصنف کا نام ............... ہے۔ (جواب: الف)
الف) مولوی نذیر احمد  ب) شبلی نعمانی  ج) الطاف حسین حالی  د) سر سید احمد خان

(v) منشی پریم چند کا اصل نام ............... تھا۔ (جواب: ج)
الف) منشی  ب) پریم چند  ج) دھنپت رائے  د) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) ............... مرزا ادیب کی تصنیف ہے۔ (جواب: الف)
الف) دستک  ب) کچ گھر  ج) غلام  د) آرام و سکون

(vii) ماما جی بچہ سمجھ کر میرے سامنے ............... باندھنے میں ذرا احتیاط کم کرتی تھیں۔ (جواب: ج)
الف) سامان  ب) گرہ  ج) پوٹلی  د) اشیاء

(viii) "اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا" کس کا مصرعہ ہے؟ (جواب: د)
الف) درد  ب) احسان دانش  ج) علامہ اقبال  د) میر تقی میر

(ix) ............... کو خدائے سخن کہا جاتا ہے۔ (جواب: ب)
الف) آتش  ب) غالب  ج) میر تقی میر  د) درد

(x) یہ ان دنوں کا ذکر ہے جب روئی کے دانت پر ............... گری۔ (جواب: الف)
الف) بجلی  ب) آگ  ج) پتھر  د) لوہا

(xi) "چاردن" قواعد کی رو سے ............... ہے۔ (جواب: الف)
الف) مرکب عددی  ب) مرکب عطفی  ج) مرکب توصیفی  د) مرکب اضافی

(xii) مولانا شبلی نعمانی ............... میں پیدا ہوئے۔ (جواب: ج)
الف) 1914ء  ب) 1957ء  ج) 1857ء  د) 1757ء

(xiii) "سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" ............... کا سب سے بڑا علمی کارنامہ ہے۔ (جواب: د)
الف) محمد حسین آزاد  ب) مرزا غالب  ج) سر سید احمد خان  د) شبلی نعمانی

(xiv) سر سید کی فرمائش پر ............... نے مدوجزر اسلام لکھی۔ (جواب: الف)
الف) الطاف حسین حالی  ب) شبلی نعمانی  ج) مولوی نذیر احمد  د) منشی پریم چند

(xv) "جس نے اللہ کے نام پر سوال کیا وہ ملعون ہے" یہ الفاظ کس کے ہیں؟ (جواب: ب)
الف) حضرت علیؓ  ب) حضرت محمدؐ  ج) حضرت عثمانؓ  د) حضرت عمر فاروقؓ

eduvicion.edu.pk

(ہم) اردو (نہم)

Fresh / Reappear

نمبر: 36

## ﴿حصہ دوئم﴾

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سوال 2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے (نو) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) اگر کسی کی بات ناگوار لگتی، تو آپ ؐ کیا فرماتے تھے؟

(ii) حضرت عمرؓ نے یہ کیوں فرمایا کہ تو سائل نہیں تاجر ہے؟

(iii) متضاد الفاظ لکھیے۔ آگ، نیکی، فروخت، دوزخ

(iv) ''برادرانِ یوسف'' سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

(v) محمد حسین آزاد کے کوئی سی چار تصانیف کے نام لکھیے۔

(vi) سلطان افلاک کے دربار سے کیا اشتہار جاری ہوا؟

(vii) ہمسائے کی سزا سے رہائی کیسے ممکن ہوئی؟

(viii) چار کو جملوں میں استعمال کریں۔ لطیف، رنج والم، وہم، افسردگی، مبادلہ

(ix) روزمرہ اور محاورہ کی تعریف کریں۔

(x) ڈرامہ ''دستک'' سے وہ جملہ تلاش کریں۔ جس میں اس کا مرکزی خیال پوشیدہ ہے۔

(xi) زیرِ زمین، طبل وعلم، رگِ گل کون سے مرکبات ہیں؟

(xii) قیصر و کسریٰ کے ظلم کو کس نے مٹا دیا تھا؟

نمبر: 24

## ﴿حصہ سوئم﴾

eduvision.edu.pk

سوال 3 سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

الف) معمول تھا کہ جب فصل کا نیا میوہ کوئی خدمتِ اقدس میں پیش کرتا، تو حاضرین میں جو سب سے کم عمر بچہ ہوتا، اس کو عنایت فرماتے، بچوں کو چومتے اور ان سے پیار کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپ ؐ اسی طرح بچوں سے پیار کر رہے تھے کہ ایک بدوی آیا، اس نے کہا ''تم لوگ بچوں کو پیار کرتے ہو، میرے دس بچے ہیں، مگر اب تک میں نے کسی کو پیار نہیں کیا''۔ آپ ؐ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ اگر تمہارے دل سے محبت چھین لے، تو میں کیا کروں؟''

ب) آخر حاضرات کی ٹھہری، چھوٹی بی بی آئینے کے سامنے بٹھائی گئی۔ جنوں کے بادشاہ نے ان سے چور کا حال پوچھا۔ چھوٹی بی بی تو میری جان کی دشمن تھیں ہی، انہوں نے میرا نام لے دیا۔ کسی کو یقین نہ آیا، مگر بڑے سرکار کچھ کھٹک گئے۔ شاید میرے اور ماما جی کے زیادہ میل جول سے ان کو کوئی خیال پیدا ہو گیا۔ ماما جی سمجھیں، چلو یہ مال بھی ہضم ہوا، اک دن مجھ سے کہا، دیکھا بیا! ابھی بیگم صاحبہ پٹاری میں چوپا کلی رکھ کر کوٹھے پر گئی ہیں۔ اس وقت دالان میں کوئی ہے بھی نہیں۔ ذرا چپکے سے نکال تو لا۔ اتنے لڈو کھلاؤں گی کہ پیٹ بھر جائے گا۔

سوال 4 نظم اور شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔

الف)
جنگل سب اپنے تن پر ہریالی سج رہے ہیں
گل پھول جھاڑ بوٹے کر اپنی دھج رہے ہیں
بجلی چمک رہی ہے بادل گرج رہے ہیں
اللہ کے نقارے نوبت کے بج رہے ہیں

ب)
سوئے طیبہ بن کر ہم زائر چلے
شکر کی جا ہے دن اپنے پھر چلے
یا رسول اللہ جلدی آیئے
لشکرِ اندوہ میں ہم گھر چلے

سوال 5 کسی ایک غزل یہ جز کی شاعر کے حوالہ کے ساتھ تشریح کریں۔

الف)
نشۂ عشق کا گر ظرف دیا تھا مجھ کو
عمر کا تنگ نہ پیمانہ بنایا ہوتا
تھا جلانا ہی اگر دوریٔ ساقی سے مجھے
تو چراغ درِ مے خانہ بنایا ہوتا

ب)
زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی
کیوں ترا راہ گذر یاد آیا
کیا ہی رضواں سے لڑائی ہو گی
گھر ترا خلد میں گر یاد آیا

سوال 6 اپنے والد صاحب کو خط لکھئے کہ وہ آپ کو کتابیں خریدنے کیلئے رقم بذریعہ منی آرڈر بھیج دیں۔

**یا**

مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

آنکھ کا بند ہونا تھا کہ نصوح ایک دوسری دنیا میں تھا، جو خیالات ابھی تھوڑی دیر ہوئے اس کے پیشِ نظر تھے۔ سب اس کے دماغ میں بھرے ہوئے تھے۔ کیا دیکھتا ہے کہ ایک بڑی عمدہ اور عالیشان عمارت ہے اور چونکہ نصوح خود بھی کبھی ڈپٹی مجسٹریٹ اور حاکم فوجداری رہ چکا تھا۔ اسے یہ تصور بندھا کہ یہ گویا ہائی کورٹ کی کچہری ہے۔ لیکن حاکم کچہری کچھ اس طرح کا رعب دار ہے کہ باوجودیکہ ہزاروں لاکھوں آدمیوں کا اجتماع ہے، مگر ہر شخص سکوت کے عالم میں ایسا دم بخود بیٹھا ہے کہ گویا کسی کے منہ میں زبان نہیں۔

**سوالات**

i- آنکھ بند ہونے کے بعد نصوح کن خیالات میں گم ہو گئی ہے؟

ii- نصوح کون سے عہدوں پر فائز رہ چکا تھا؟

iii- نصوح کو کون سا تصور بندھا؟

iv- اس اقتباس کیلئے موزوں عنوان کا انتخاب کریں۔